# RUBRICS MODEL PAPER IC-11th

| نمبر:24 | سیکشن۔ب | وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ |
|---|---|---|

1۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف چھے اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔ ہر جز کے 4 نمبر ہیں۔

| | |
|---|---|
| i | شرک کا لغوی اور اصطلاحی مطلب لکھیں۔ اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات میں شرک کی وضاحت کریں۔ |
| POSSILE ANSWER | • شرک کا لغوی مطلب: حصّہ داری / ساجھے پن<br>• شرک کا اصطلاحی مطلب: اللہ تعالیٰ کی ذات یا صفات کے تقاضوں میں کسی کو اس کا حصہ دار اور ساجھی ٹھہرانا<br>• ذات میں شرک: کسی کو اللہ تعالیٰ کا ہمسر اور برابر سمجھنا / اللہ تعالیٰ کو کسی کی اولاد یا کسی کو اللہ تعالیٰ کی اولاد سمجھنا<br>• صفات میں شرک: اللہ تعالیٰ جیسی صفات کسی دوسرے میں ماننا / کسی دوسرے کو ازلی وابدی سمجھنا / کسی دوسرے کو قادر مطلق سمجھنا |
| CHECKING HINTS | شرک کا لغوی مطلب لکھنے کا ایک نمبر، شرک کا اصطلاحی مطلب لکھنے کا ایک نمبر، ذات میں شرک کی وضاحت لکھنے کا ایک نمبر، صفات میں شرک کی وضاحت لکھنے کا ایک نمبر، کل نمبر 4 |
| ii | چار مقرّب فرشتوں کے نام اور ان کی ذمہ داریاں تحریر کریں۔ |
| POSSILE ANSWER | • حضرت جبرائیل علیہ السلام۔ انبیاء کرام علیہم السلام کے پاس وحی الٰہی لانا<br>• حضرت میکائیل علیہ السلام۔ بارشوں اور ہواؤں کے نظام کی نگرانی کرنا<br>• حضرت اسرافیل علیہ السلام۔ قیامت برپا کرنے کے لیے صُور پھونکنا<br>• حضرت عزرائیل علیہ السلام۔ جان دار مخلوقات کی روح قبض کرنا |
| CHECKING HINTS | ایک فرشتے کا نام لکھنے کا آدھا نمبر (چار نام درکار ہیں)، ایک فرشتے کی ذمہ داری لکھنے کا آدھا نمبر (چار کی ذمہ داریاں درکار ہیں)، کل نمبر 4 |
| iii | بني الإسلام على خمس ،شهادة ان لا إله إلا الله وان محمدا عبده ورسوله وإقام الصلاة وإيتاء الزكاة والحج وصوم رمضان: حدیث مبارکہ کی روشنی میں ارکانِ اسلام تحریر کریں۔ |
| POSSILE ANSWER | • اس بات کی شہادت دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ حضرت محمد ﷺ اس کے بندے اور (آخری) رسول ہیں۔<br>• نماز قائم کرنا<br>• زکوٰۃ ادا کرنا<br>• حج کرنا<br>• رمضان کے روزے رکھنا |
| CHECKING HINTS | ایک رکن لکھنے کا ایک نمبر (چار ارکان درکار ہیں)، کل نمبر 4 |
| iv | وَقَضَى رَبُّكَ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا إِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ أَحَدُهُمَا أَوْ كِلَاهُمَا فَلَا تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ وَلَا تَنْهَرْهُمَا: آیت کریمہ کی روشنی میں اللہ تعالیٰ کے چار احکام لکھیں؟ |
| POSSILE ANSWER | • شرک نہیں کرنا۔ / اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرنی۔<br>• والدین کے ساتھ بھلائی کریں۔ |

| | |
|---|---|
| | • والدین کو اُف بھی نہیں کہنا۔<br>• والدین کو جھڑکنا بھی نہیں۔ |
| CHECKING HINTS | ایک حکم لکھنے کا ایک نمبر (چار احکام درکار ہیں)، کل نمبر 4 |
| v | وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ کا ترجمہ لکھیں۔ کوئی سے تین ناجائز ذرائع آمدن لکھیں جن سے ہمیں اجتناب کرنا چاہیئے۔ |
| POSSILE ANSWER | • ترجمہ:<br>✓ اور نہ کھاؤ مال ایک دوسرے کا ناحق۔<br>✓ اور آپس میں ایک دوسرے کا مال ناجائز طریقے سے نہ کھاؤ۔<br>(طلبہ اپنے الفاظ میں بھی درست ترجمہ لکھ سکتے ہیں)<br>• ناجائز ذرائع آمدن:<br>✓ رشوت لینا<br>✓ رشوت دینا<br>✓ سود خوری<br>✓ چوری کرنا<br>✓ ڈاکہ زنی<br>✓ ذخیرہ اندوزی کرنا<br>✓ ملاوٹ کرنا<br>✓ جوا کھیلنا<br>✓ دھوکہ دہی سے مال کمانا<br>✓ سٹہ بازی / قمار بازی (کسی واقعے کے نتیجے پر شرط لگانا)<br>(طلبہ اپنی مرضی سے بھی درست ناجائز ذریعہ آمدن لکھ سکتے ہیں) |
| CHECKING HINTS | وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ کا ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر، ایک ناجائز ذریعہ آمدن لکھنے کا ایک نمبر (تین ذرائع درکار ہیں)، کل نمبر 4 |
| vi | منافق کا اصطلاحی مطلب لکھیں؟ حدیثِ مبارکہ کی روشنی میں منافق کی تین نشانیاں تحریر کریں۔ |
| POSSILE ANSWER | • منافق کا اصطلاحی مطلب:<br>✓ وہ شخص جو دل سے اسلام کی حقانیت کا قائل نہیں بلکہ اسلام کو نقصان پہنچانے کے لیے اسلام کا لبادہ اوڑھے ہوئے ہو۔<br>(طلبہ اپنے الفاظ میں بھی درست مطلب لکھ سکتے ہیں)<br>• حدیثِ مبارکہ کی روشنی میں منافق کی نشانیاں:<br>✓ جب اس کے پاس امانت رکھوائی جائے تو خیانت کرے۔ (إِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ)<br>✓ جب بات کرے تو جھوٹ بولے۔ (وَإِذَا حَدَّثَ كَذَبَ)<br>✓ جب وعدہ کرے تو وعدہ خلافی کرے۔ ( وَإِذَا عَاهَدَ غَدَرَ)<br>✓ جب جھگڑا کرے تو گالی دے۔ (وَإِذَا خَاصَمَ فَجَرَ ) |
| CHECKING HINTS | منافق کی تعریف لکھنے کا ایک نمبر، منافق کی ایک نشانی لکھنے کا ایک نمبر (تین نشانیاں درکار ہیں)، کل نمبر 4 |

| | |
|---|---|
| vii | وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ: آیت کریمہ کا ترجمہ لکھیں۔ نبی اکرم ﷺ کفار کے لیے بھی رحمت تھے، تین مثالیں لکھیں۔ |
| POSSILE ANSWER | • ترجمہ:<br>اور اللہ ان پر عذاب نازل نہیں کرے گا جب تک آپ ﷺ ان میں موجود ہیں۔<br>((طلبہ اپنے الفاظ میں بھی درست ترجمہ لکھ سکتے ہیں)<br>• کفار کے لیے رحمت کی مثالیں:<br>✓ طائف میں کفار نے آپ ﷺ کو زخمی کیا لیکن آپ ﷺ نے ان کے لیے ہدایت کی دعا کی۔<br>✓ قبیلۂ دوس نے سرکشی و نافرمانی کی تو آپ ﷺ نے بد دعا کے بجائے ان کے دائرہ اسلام میں داخل ہونے کی دعا کی جو قبول ہوئی۔<br>✓ جب تک نبی اکرم ﷺ کفار میں موجود رہے اللہ تعالیٰ نے کفار پر عذاب نازل نہیں کیا۔<br>✓ ہجرت کے بعد جب آپ ﷺ فاتح کی حیثیت سے مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو بڑے بڑے ظالم کفار کو بھی آپ ﷺ نے معاف فرمایا اور ان کے لیے رحمت کا باعث بنے۔<br>(طلبہ کوئی بھی درست مثال لکھ سکتے ہیں) |
| CHECKING HINTS | وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ کا ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر، ایک مثال لکھنے کا ایک نمبر (تین مثالیں درکار ہیں)، کل نمبر 4 |
| viii | يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا ه يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ: آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے مومنین کو کون سی دو ہدایات دی ہیں؟ ان ہدایات پر عمل کرنے کے دو انعامات لکھیں۔ |
| POSSILE ANSWER | • ہدایات:<br>✓ تقویٰ اختیار کرو / اللہ سے ڈرو / خوفِ خدا کرو<br>✓ سیدھی بات کہو / درست بات کہو / زبان پر سچائی اختیار کرو<br>• فوائد:<br>✓ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کے اعمال درست کر دے گا۔ / اللہ تعالیٰ نیک اعمال کی توفیق دے گا۔<br>✓ اللہ تعالیٰ گناہ معاف کرے گا۔ |
| CHECKING HINTS | ایک ہدایت لکھنے کا ایک نمبر (دو درکار ہیں)، ایک انعام لکھنے کا ایک نمبر (دو درکار ہیں)، کل نمبر 4 |

| سیکشن۔ج | نمبر:16 |
|---|---|

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے صرف 2 سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

| | |
|---|---|
| 2-i | انبیاء کرام علیہم السلام کی چار خصوصیات کی وضاحت لکھیں۔ |
| POSSILE ANSWER | • انبیاء کرام علیہم السلام کی خصوصیات:<br>1. **بشریت:** یعنی اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے ہمیشہ کسی انسان ہی کو نبی بنا کر بھیجا ہے۔<br>2. **امین:** یعنی تمام انبیاء کرام علیہم السلام نے امین ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے دیے گئے احکامات کو من و عن انسانوں تک پہنچایا۔<br>3. **تبلیغ احکام الٰہی:** یعنی تمام انبیاء کرام علیہم السلام نے جو احکام لوگوں کے سامنے بیان کیے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تھے۔<br>4. **معصومیت:** یعنی تمام انبیاء کرام علیہم السلام گناہوں سے پاک ہوتے ہیں۔<br>5. **واجب اطاعت:** یعنی انبیاء کرام علیہم السلام کی پیروی ضروری ہوتی ہے۔ |
| CHECKING HINTS | ایک خصوصیت لکھنے کا ایک نمبر (چار درکار ہیں)، کل نمبر 4 |
| .ii | احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں پڑوسی کے چار حقوق لکھیں۔ |
| POSSILE ANSWER | 1. اگر پڑوسی قرض مانگے تو اسے قرض دو۔<br>2. اگر پڑوسی کو مدد کی ضرورت ہو تو اس کی مدد کرو۔<br>3. اگر پڑوسی بیمار ہو جائے تو اس کا علاج کراؤ۔<br>4. اگر پڑوسی مر جائے تو اس کے جنازے کے ساتھ قبرستان تک جاؤ۔<br>5. اگر پڑوسی کو کوئی اعزاز ملے تو اسے مبارکباد دو۔<br>6. اگر پڑوسی کسی مصیبت میں مبتلا ہو جائے تو اس سے ہمدردی کرو۔<br>7. بغیر اجازت اپنی دیوار اتنی اونچی نہ کرو کہ اس کے لیے روشنی اور ہوا رک جائے۔<br>8. ہمسائے کی بھوک کا خیال رکھنا۔<br>9. اگر کوئی پھل لاؤ تو پڑوسی کو بھی بھیجو۔<br>(طلبہ حدیثِ مبارکہ کے مطابق کوئی بھی درست حق لکھ سکتے ہیں) |
| CHECKING HINTS | ایک حق لکھنے کا ایک نمبر (چار درکار ہیں) کل نمبر 4 |
| 3-i | إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ: آیت کریمہ کا ترجمہ لکھیں۔ قرآنِ مجید کی دو خصوصیات کی وضاحت لکھیں۔ |
| POSSILE ANSWER | • ترجمہ:<br>بیشک ہم ہی نے اس قرآن کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔<br>(طلبہ اپنے الفاظ میں بھی درست ترجمہ لکھ سکتے ہیں) |

| | |
|---|---|
| | • قرآنِ مجید کی خصوصیات:<br>1) **محفوظ کتاب:** قرآنِ مجید محفوظ کتاب ہے اور ہمیشہ تحریف سے پاک رہے گی کیونکہ اس کی حفاظت کا ذمہ اللہ تعالیٰ نے لیا ہوا ہے۔<br>2) **عربی زبان:** قرآنِ مجید کی زبان آج بھی لوگوں کی ایک کثیر تعداد بولتی ہے۔<br>3) **عالمگیر کتاب:** قرآنِ مجید عالمگیر کتاب ہے اور پوری دنیا کے انسانوں کو دعوتِ ایمان دیتی ہے۔<br>4) **جامع کتاب:** قرآنِ مجید جامع کتاب ہے اور قیامت تک کے لوگوں کے لیے اس میں رہنمائی ہے۔<br>5) **عقل کے عین مطابق:** قرآن مجید ایسی تمام باتوں سے پاک ہے جو عقل کے خلاف ہوں۔<br>6) **فصیح و بلیغ کتاب:** قرآنِ مجید ایک فصیح و بلیغ کتاب ہے اور اس کے مقابلے میں کوئی شخص ایک آیت بھی نہیں لا سکتا۔<br>7) **مضبوط دلائل کی حامل:** قرآن مجید کے دلائل اتنے مضبوط اور مستحکم ہیں کہ ان سے انکار ممکن نہیں۔<br>(طلبہ کوئی بھی درست خصوصیت اپنے الفاظ میں بھی لکھ سکتے ہیں) |
| CHECKING HINTS | **إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ کا ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر، وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ کا ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر، ایک خصوصیت کی وضاحت لکھنے کا ایک نمبر (دو درکار ہیں)، کل نمبر 4** |
| .ii | وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا **کا ترجمہ لکھیں۔ مُواخاتِ مدینہ سے کیا مراد ہے؟** |
| POSSILE ANSWER | • ترجمہ: اور تم پر اللہ کا جو انعام ہے اس کو یاد کرو جب کہ تم دشمن تھے اس نے تمہارے دلوں میں محبت ڈال دی سو تم اس کے انعام سے آپس میں بھائی ہو گئے۔<br>(طلبہ اپنے الفاظ میں بھی درست ترجمہ لکھ سکتے ہیں)<br>• مُواخاتِ مدینہ:<br>نبی اکرم ﷺ جب مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لائے تو آپ ﷺ نے مہاجرینِ مکہ اور انصارِ مدینہ کے درمیان جو بھائی چارہ کا رشتہ قائم کیا۔ |
| CHECKING HINTS | وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَاءً کا ترجمہ لکھنے کا **ایک نمبر**، فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ کا ترجمہ لکھنے کا **ایک نمبر**، فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا کا ترجمہ لکھنے کا **ایک نمبر**، مُواخاتِ مدینہ کی وضاحت لکھنے کا **ایک نمبر**، **کل نمبر** 4 |
| 4-i | إِنْ تُقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعِفْهُ لَكُمْ **کا ترجمہ لکھیں۔ سودی نظامِ معیشت کے دو نقصانات لکھیں۔** |
| POSSILE ANSWER | • ترجمہ:<br>✓ اگر قرض دو اللہ کو اچھی طرح قرض دینا وہ دوگنا کرے گا۔<br>✓ اگر تم اللہ کو اچھا قرض دو گے تو وہ تمہارے لیے اسے کئی گنا بڑھا دے گا۔<br>✓ اگر تم خدا کو (اخلاص اور نیک نیت سے) قرض دو گے تو وہ تم کو اس کا دوچند دے گا<br>(طلبہ اپنے الفاظ میں بھی درست ترجمہ لکھ سکتے ہیں)<br>• سودی معیشت کے نقصانات:<br>✓ سودی معیشت میں محنت کے بجائے سرمایہ کو زیادہ اہمیت حاصل ہے۔<br>✓ سودی معیشت اللہ و رسول ﷺ سے جنگ کے مترادف ہے۔<br>✓ سودی معیشت سے محنت کش طبقہ خوشحال نہیں ہوتا۔ |

| | |
|---|---|
| | ✓ سودی معیشت میں دولت کی گردش نہیں ہوتی بلکہ چند ہاتھوں میں ہی رہتی ہے۔<br>(طلبہ کوئی بھی درست نقصان لکھ سکتے ہیں) |
| CHECKING HINTS | إِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا کا ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر، يُضَاعِفْهُ لَكُمْ کا ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر، ایک نقصان لکھنے کا ایک نمبر (دو درکار ہیں) کل نمبر 4 |
| .ii | اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَ يَدِهٖ کا ترجمہ لکھیں۔ روز مرّہ زندگی میں آپ اس حدیثِ مبارکہ پر کیسے عمل کریں گے؟ تین نکات لکھیں۔ |
| | ➢ ترجمہ:<br>• مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔<br>• روز مرّہ زندگی میں ہاتھ کی تکلیف سے دوسروں کو بچانا: مثلاً<br>✓ کسی کو دھکا نہ دینا۔<br>✓ کسی پر تشدّد نہ کرنا۔<br>✓ کسی پر ہتھیار نہ اُٹھانا۔<br>✓ کسی کے بارے میں کوئی غلط بات لکھ کر نشر نہ کرنا۔ (typing of negative messages on social media)<br>• روز مرّہ زندگی میں زبان کی تکلیف سے دوسروں کو بچانا: مثلاً<br>✓ کسی کو گالی نہ دینا۔<br>✓ کسی کو برا بھلا نہ کہنا۔<br>✓ کسی کی غیبت نہ کرنا۔<br>✓ کسی پر تہمت / بہتان نہ لگانا۔<br>(طلبہ کوئی بھی درست بات اپنے الفاظ میں لکھ سکتے ہیں) |
| | ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر، ایک نکتہ لکھنے کا ایک نمبر (تین نکات درکار ہیں)، کل نمبر 4 |